روس کے نائب وزیرِاعظم دمتری پاتروشیف نے وزیرِاعظم جناب نریندر مودی سے ملاقات کی

ستمبر 25، 2025

وفاقی جمہوریہ روس کے نائب وزیرِاعظم عزت مآب دمتری پاتروشیف نے آج وزیرِاعظم جناب نریندر مودی سے ملاقات کی۔

2. دونوں رہنماؤں نے زراعت، کھاد، غذائی پروسیسنگ اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تبادلۂ خیال کیا۔

3. وزیرِاعظم نے صدر پوتن کے لیے اپنے پرخلوص نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ بھارت-روس سالانہ سربراہی اجلاس کے 23ویں اجلاس کے لیے ان کے بھارت آمد کے منتظر ہیں۔

نئی دہلی
ستمبر 25، 2025